

Urdu | اردو

# حقیقی مدد۔ اسی وقت۔

# $100 پاور سیونگ بونس: کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام

کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام کے ذریعے، کنسیشن کارڈ رکھنے والوں کے لیے $100 پاور سیونگ بونس کی درخواست دینے کے لیے فون پر اور ذاتی طور پر مدد دستیاب ہے۔

## $100 پاور سیونگ بونس

پاور سیونگ بونس $100 کی ادائیگی ہے جو وکٹوریہ کے ضرورت مند افراد کے لیے مہنگائی کو کم کرنے اور انرجی کے بلوں میں کمی لانے کے لیے حقیقی مدد فراہم کرتی ہے۔ اہل کنسیشن کارڈ رکھنے والے وکٹورین گھرانے آن لائن درخواست دینے کے لیے وکٹورین انرجی کمپیئر کی ویب سائٹ – compare.energy.vic.gov.au – پر جا سکتے ہیں یا کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔

## کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام

کنسیشن کارڈ رکھنے والے ایسے افراد جنہیں $100 کی ادائیگی کے لیے درخواست دینے میں مدد کی ضرورت ہے، وہ کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام کے ذریعے فون پر یا ذاتی طور پر مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

اہل گھرانے 1800 000 832 پر کال کر کے فون پر اپنے $100 پاور سیونگ بونس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں یا اپنے علاقے میں کسی کمیونٹی آؤٹ ریچ پارٹنر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اہلیت کی شرائط

اہل ہونے کے لیے، گھرانوں کو درج ذیل شرائط پوری کرنا ہوں گی:

- حالیہ گھریلو بجلی کا بل ہونا
- درج ذیل میں سے ایک رعایتی یا کنسیشن کارڈ کا ہونا:
  - ہیلتھ کیئر کارڈ
  - پینشنر کنسیشن کارڈ (Pensioner Concession Card)
  - ویٹرنز افیرز پینشنر کنسیشن کارڈ (Veterans' Affairs Pensioner Concession Card)
  - ویٹرنز افیرز گولڈ کارڈ (Veterans' Affairs Gold Card)۔

صرف ایک ادائیگی فی گھرانہ دستیاب ہے۔



**$100 پاور سیونگ بونس کی درخواست دینے کے لیے،** compare.energy.vic.gov.au پر وزٹ کریں یا کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام کے ذریعے فون پر یا ذاتی طور پر درخواست دیں۔

VICTORIAN ENERGY COMPARE


VICTORIA State Government

## یہ بونس کیسے حاصل کیا جا سکتا ہے

1. چیک کریں کہ آیا آپ $100 پاور سیونگ بونس کے اہل ہیں۔
2. درج ذیل دستاویزات تیار رکھیں:
   - حال ہی کے بجلی کے بل کی ایک کاپی
   - ایک اہل کنسیشن کارڈ
   - آپ کا ڈرائیور لائسنس یا میڈی کیئر کارڈ*

   اپنی شناخت اور اہلیت کی تصدیق کے لیے آپ کو ان دستاویزات سے معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔
3. فون پر یا ذاتی طور پر درخواست دینے کے لیے اس صفحے پر درج کمیونٹی تنظیموں میں سے کسی ایک سے رابطہ کریں۔
4. اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے، تو ہم آپ کو $100 بھیج دیں گے۔

### اہل کنسیشن کارڈز



*اِمی کارڈ (Immicard) اور آسٹریلوی ویزا بھی قابل قبول ہیں

## آپکو اپنے $100 کی ادائیگی کے لیے درخواست دینے میں مدد کی ضرورت ہے؟

### فون پر معاونت

**وکٹورین انرجی کمپیئر ہیلپ لائن – 1800 832 000**

وکٹورین انرجی کمپیئر ہیلپ لائن وکٹوریہ کے کاروباروں اور گھرانوں کو وکٹورین انرجی کمپیئر کی ویب سائٹ استعمال کر کے ان کے لیے بہترین انرجی کی پیشکش تلاش کرنے میں مدد دیتی ہے۔ یہ ہیلپ لائن $100 پاور سیونگ بونس کے بارے میں معلومات اور مشورہ بھی فراہم کرتی ہے، جس میں اہل گھرانوں کو فون پر درخواست دینے کے لیے براہ راست مدد بھی شامل ہے۔

### روبرو معاونت

**نیبرہڈ ہاؤسز وکٹوریہ** – اپنے قریب کا شریک مرکز تلاش کرنے کے لیے 832 000 1800 پر کال کریں یا compare.energy.vic.gov.au/psb-outreach پر جائیں۔

Neighbourhood Houses مقامی کمیونٹی پر مبنی ایسی تنظیمیں ہیں جن کا عملہ ایسے پرجوش رضاکاروں پر مشتمل ہوتا ہے جو ہر عمر، صلاحیت اور پس منظر کے لوگوں کے لیے سماجی، تعلیمی، تفریحی اور معاون سرگرمیوں کی کئی اقسام کی پیشکش کرتے ہیں۔

## کیا آپ کو اپنے انرجی بل ادا کرنے میں دشواری ہو رہی ہے؟

انرجی اسسٹنس پروگرام ایک مفت فون سروس ہے جو Anglicare وکٹوریہ کی شراکت میں فراہم کی جاتی ہے اور یہ آپ کو انرجی کے بل پر پیسے بچانے میں مدد کر سکتی ہے۔ یہ پروگرام کم آمدنی والے گھرانوں یا ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جنہیں انرجی بل ادا کرنے میں دشواری ہو رہی ہے۔

یہ پروگرام درج ذیل کے لیے انفرادی مدد فراہم کر سکتا ہے:

- اہل رعایتوں اور گرانٹس کے لیے درخواست دینے میں
- اپنے انرجی فراہم کرنے والے ادارے کے مشکل میں مبتلا افراد کے پروگرامز تک رسائی میں
- بہتر انرجی آفرز تلاش کرنے، موازنہ کرنے اور ان پر منتقل ہونے میں
- انرجی کے بلوں کو سمجھنے اور بل کی غلطیوں کو حل کرنے میں
- گھر پر انرجی بچانے میں
- معاشی مشاورت جیسی خدمات تک رسائی میں



اپنے انرجی کے بل میں مدد حاصل کرنے کے لیے، پیر سے جمعہ صبح 9:00 بجے سے شام 5 بجے تک (عوامی تعطیلات کے علاوہ) 1800 161 215 پر کال کریں۔

© دی اسٹیٹ آف وکٹوریا ڈپارٹمنٹ آف انرجی، انوائرمنٹ اینڈ کلائمیٹ ایکشن اگست 2025

**ISBN** 978-1-76176-516-2 **(Print)**
**ISBN** 978-1-76176-517-9 **(pdf/online/MS word)**

**ذمہ داری سے بریت کا اعلان**
یہ اشاعت آپ کے لیے مددگار ثابت ہو سکتی ہے، لیکن اسٹیٹ آف وکٹوریہ اور اس کے ملازمین اس بات کی ضمانت نہیں دیتے کہ یہ اشاعت ہر قسم کی خامیوں سے پاک ہے یا آپ کے خاص مقاصد کے لیے مکمل طور پر موزوں ہے، اور اسی لیے اس میں موجود کسی بھی طرح کی معلومات پر آپ کے انحصار کرنے سے پیدا ہونے والی کسی بھی غلطی، نقصان یا دیگر نتائج کی تمام ذمہ داری کو مسترد کرتے ہیں۔

انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں معاونت کے لئے تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمات (Translating and Interpreting Services - TIS) کو 131 450 پر کال کریں۔

VICTORIA State Government

2052